اچھا بچہ کون ؟ | مؤلفہ : سیّد نظر زیدی - ناشر : عبد الحفیظ احمد - البدر پبلی کیشنز ۲۳ - راحت مارکیٹ ، اُردو بازار ، لاہور - قیمت درج نہیں -

ہمارے عزیز دوست سیّد نظر زیدی اپنی بہت سی صلاحیتوں کے ساتھ بچوں کے ادب کی نگارش کے ماہر ہیں - آسان زبان میں کہانیاں ، تاریخ ، شخصیتیں اور واقعات ان کے سامنے خوبی سے پیش کرتے ہیں - بچّوں کو جب یہ تلقین کی جاتی ہے کہ " اچھے بچے بنو " تو لازم ہو جاتا ہے کہ ان کو اچھّے بچے کا تصوّر دلایا جائے - سیّد صاحب کی یہ آسان اور جلی خط میں لکھی ہوئی کتاب یہ درس دیتی ہے کہ " اچھا بچّہ ہونے یا اچھّا بچّہ نہ ہونے کا تعلّق امیر یا غریب ہونے سے نہیں ، بلکہ اچھی عادتیں اپنانے اور اچھی عادتیں نہ اپنانے سے ہے " یہ ہے بنیادی حکمت جو اس مختصر آسان کتاب میں پیش کی گئی ہیں -

---

سیرت سرورِ انبیاء | تصنیف : حافظ ابن کثیرؒ - ترجمہ : غلام احمد حریری - ناشر : کتاب مرکز - بھوانہ بازار فیصل آباد - قیمت : ۷۵/- روپے

حافظ ابن کثیر کی ایک غیر معروف کتاب سیرت " الفصول فی اختصار سیرۃ الرسول " کا یہ اُردو ترجمہ ہے - یہ کتاب دراصل عربی زبان میں ہے اور پہلی بار قاہرہ میں ۱۳۵۰ھ میں چھپی - زیرِ نظر کتاب اُسی کا ترجمہ ہے - لیکن اس میں بہت سے حواشی کا اضافہ کیا گیا ہے -

اِس کتاب میں نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم کے حالاتِ زندگی ، غزوات اور آپؐ کی نبوت کے خصائص بیان ہوئے ہیں - اندازِ تحریر علمی اور محققانہ ہے - اس میں سیرت پر نہایت اہم معلومات موجود ہیں - اور اس کے مستند ہونے کے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ یہ حافظ ابن کثیر کی تالیف ہے - اُردو ادب میں سیرت کے موضوع پر یہ مفید اضافہ ہے -

(رفیق چوہدری)